Vol. VI
No. 10

S.P. VI-10-76 (E)
250

# THE SENATE OF PAKISTAN DEBATES

## OFFICIAL REPORT

Friday, August 20, 1976

CONTENTS

PAGES

| | |
|---|---|
| Leave of Absence ... ... ... ... | 245 |
| Adjournment Motion *Re* : Inadequacy of measures adopted by Railways to protect railway lines from floods—*Ruling reserved* ... ... ... ... ... | 245 |
| Adjournment Motion *Re* : Atomic Reprocessing Plant and Uranium—*Deferred* ... ... ... ... | 254 |
| Message from the National Assembly *Re* : Adoption of the Auqaf (Federal Control) Bill, 1976—*Read out* ... ... | 254 |
| Motion *Re* : Situation arising out of the Scarcity of Vegetable Ghee in the Punjab—*Talked out* ... ... ... | 254 |
| Motion *Re* : Situation arising out of the sluggish growth in industrial sector during 1974-75—*Talked out* ... ... | 265 |

PRINTED AT SHAN ELECTRIC PRESS, CHURCH ROAD, OLD ANARKALI, LAHORE
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI
*Price* : *Paisa* 50

# SENATE DEBATES

# SENATE OF PAKISTAN

---

**Friday, August 20, 1976**

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at half-past nine of the clock in the morning, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

---

*(Recitation from the Holy Quran)*

---

## LEAVE OF ABSENCE

**Mr. Chairman** : Gentlemen, there is a leave application from Mr. Qamaruz Zaman Shah which reads :

> "Due to rise of water in Indus river at Kotri the flood situation has been serious. I am, therefore, unable to attend the Senate. Kindly grant leave for this session.
>
> Qamaruz Zaman Shah"

This is a telegram from him asking for leave for the whole session. Should the leave be granted ?

*(The leave was granted)*

**Mr. Chairman** : All right, leave is granted.
Now, we take up adjournment motions. This is adjournment motion No. 9.

## ADJOURNMENT MOTION RE : INADEQUACY OF MEASURES ADOPTED BY RAILWAYS TO PROTECT RAILWAY LINES FROM FLOODS

**Mr. Chairman** : I think, it was this adjournment motion which was under discussion yesterday but the discussion remained inconclusive. Yes, Mr. Cheema, you must have come prepared.

**Mr. Hafeezullah Cheema** (Minister for Railways) : Sir, even yesterday I was prepared but the Chair ruled that the time was over, therefore, it had to be postponed for today. I still contend that there is nothing definite in the adjournment motion, but still talking on merits everybody knows that there are unprecedented rains in the country and record floods, so there could not be any

[Mr. Hafeezullah Cheema]

negligence on the part of Railways if there are breaches in the tracks and the traffic had to be suspended between the northern and the southern parts of the country. Negligence could only be there if due care and precaution had not been taken by the authorities. But if there is a natural calamity, if something is there which is beyond human control, then such a situation can arise. I do not think in this there was anything which could not be understood by the honourable Member of the Opposition. But if they do not want to share the grief of the nation in this time of calamity that is something else. This is the figment of their imagination—a fiction style to malign the Government on each and every count whether this is a time of crisis, whether national loss is there, whether people are drowning, there is loss of property and other things happening in the country.

Sir, my contention is that every possible effort is being made. We are still struggling to save the railway tracks, and the situation in Punjab has already improved. Similar is the case in Frontier and Baluchistan. The situation has improved except for the province of Sind where the Indus water is still aggressive and the authorities are struggling hard to tackle the situation. Some cuts had to be effected on the railway track to save certain cities, its inhabitants and the property of the people. To save the people from bigger loss if the railway track is breached or if a cut is made, I do not think any sane person in the country should have an objection to that. So, Mr. Chairman, Sir, I again reiterate that the Railway authorities are alive to the situation, and there is nothing to be panicky about it.

So far as the essential commodities like the petroleum products, edible oil and other things are concerned, we have sufficient stocks in the up-country as well as in the down-country, and even if the need be we can adopt other measures. Apart from that we have stockpiled our loaded trains of these essential commodities near the breaches. The repair material and equipment for repairs has been sent nearer to the breaches, and even now in spite of the very strong velocity of the waters and great discharges through the breaches, the Railway Employees are working hard round the clock, even during the night time, to fill up the breaches. So, I will request the honourable Member not to press this adjournment motion. Thank you, Sir.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین ! محترم وزیر ریلوے نے بڑی دلچسپ باتیں کی ہیں ۔ میں دو روز سے منت ، ساجت اور دست بستہ اس معزز ایوان سے استدعا کر رہا ہوں کہ ہمیں فلڈ افیکٹیڈ ایریا میں جانے کی اجازت دیجئے اور اس ایوان کو ملتوی کیجئے ۔ اگر کچھ apathy ہے ۔ اگر فلڈ افیکٹیڈ ایریا کے لوگ جو اس مصیبت میں مبتلا ہیں ان سے ہمدردی کا فقدان ہے تو اس طرف سے ہے ، ہماری طرف سے نہیں ہے ۔ یہ جو محترم وزیر صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہمیں لوگوں کی مصیبتوں میر مزا آتا ہے تو میں یہ عرض کروں گا کہ مزا اس طرف سے اٹھانے والے ہیں ۔ ہم تو آنسو بہانے والے ہیں ۔ تو جناب چیئرمین ! محترم وزیر نے اس بات کا اقرار فرما لیا ہے کہ بہت سی جگہوں سے پانی کی وجہ سے ریلوے ٹریک ٹوٹ گئی ہے ۔ البتہ ایک نئی بات جو اخبار میں نہیں آئی اور انہوں نے بتائی ہے وہ یہ ہے کہ بعض جگہوں سے ہم نے ریلوے ٹریک کو خود توڑا ہے ۔ میں اس کو justify کر سکتا ہوں کہ اگر کسی بڑے شہر کو یا آبادی کو سیلاب کی زد سے بچانے اور نقصانات سے بچانے کے لیے کہیں سے ریلوے ٹریک توڑ دیا جائے ۔ وہ میں مانتا ہوں کہ وہ جسٹیفائڈ ہوگا ،

وہ درست ہوگا ، وہ پبلک انٹرسٹ میں ہوگا ۔ وہ عوام کے مفاد میں ہوگا ۔ کم از کم آج تک کوئی خبر یا وہ خبر جس کی بنیاد پر میں نے تحریک التواء اس معزز ایوان میں پیش کی اس تحریک التواء میں ایسا ذکر نہیں ہے ۔ البتہ یہ ذکر آیا ہے کہ بیسیوں مقامات سے ریلوے ٹریک ٹوٹ چکا ہے ۔ توڑا نہیں گیا بلکہ ٹوٹ چکا ہے ۔ اس سیلاب سے ، اس آفت کے آنے سے پیشتر ریلوے اتھارٹی اور اس کے علاوہ دوسرے محکمے جن کا اس بات سے کوئی تعلق نہیں ہے برابر یہ اعلان فرما رہے تھے کہ ہم نے پورا انتظام کر لیا ہے ، اور پورا بندوبست کر لیا ہے ۔ خواہ کیسا ہی سیلاب کیوں نہ ہو ہم اس کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہیں ۔ کروڑوں روپوں کی سکیمیں منظور کی گئیں ۔ ان پر جہاں تک کاغذ کا تعلق ہے ، اخبارات کا تعلق ہے ، عمل ہوا ہے ۔ یہ مجھے معلوم نہیں کہ موقع پر عمل ہوا ہے یا نہیں ۔ مجھے گلہ ہے کہ اگر موقع پر ان سکیموں پر جو کہ حفاظتی کی گئی ہیں عمل ہوا ہوتا تو شاید یہ نوبت نہ آتی ۔

**Mr. Hafeezullah Cheema :** Point of order, Sir.

**Mr. Chairman :** There is a point of order.

**Mr. Hafeezullah Cheema :** Sir, that is why I stated yesterday that this is not a definite matter. If the honourable Member wants to discuss the whole situation in the country...

**Khawaja Mohammad Safdar :** Is it a point of order ? Sir, this is an interruption.

**Mr. Hafeezullah Cheema :** This is a point of order because he is irrelevant.

**خواجہ محمد صفدر :** آپ نے جتنی تقریر کی ہے وہ ریلیونٹ ہے ؟ آپ نے مجھے موقع بخشا ہے ورنہ میں یہ باتیں کب کر سکتا ہوں ؟

**Mr. Hafeezullah Cheema :** I never wanted this. That is what I told you yesterday.

(*Interruptions*)

**Mr. Chairman :** Do you want me to decide whether this is a point of order or do you want to decide it between yourselves ?

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میں نے ان کو یاد دلایا ہے ۔ جو کچھ انہوں نے اپنی تقریر میں کہا ہے اس کے جواب میں میں نے عرض کیا ہے ۔

**Mr. Chairman :** Mr. Cheema, when you tried to deal with the details of the measures taken by the Government, how can I prevent him from dealing with the same facts ? On the other side, you say, whatever measures have been taken they are quite adequate, and we have done this and that. Well, it is open to him to contradict you on those facts. So far as the question of definite issue is concerned, that is another matter. Yes, Khawaja Sahib, you do not prolong it as if we are having an actual debate on the adjournment motion.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! جس طرح محترم وزیر صاحب نے فرمایا ہے - - - -

**Mr. Chairman :** No, no, I quite appreciate your point of view. I did not prevent him from saying what he has already said. You can reply on those points but you do not convert it into an actual debate on the adjournment motion. We are discussing the admissibility. Yes !

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میں تو ان کا جواب ان کی خدمت میں عرض کر رہا ہوں -

**Mr. Chairman :** No, no, whatever he has said you can rebut it, you can contradict it, you can put your point of view, but do not unnecessarily prolong the discussions.

خواجہ محمد صفدر : بالکل نہیں -

Thank you very much, Sir.

جناب چیئرمین ! اخباری اطلاع کے مطابق روہڑی کے قریب بارہ جگہوں پر سیلاب نے ریلوے لائن کو توڑا - اس کے علاوہ روہڑی یارڈ میں پانی داخل ہو گیا - میرے پاس پاکستان ٹائمز موجود ہے - اس میں یہ درج ہے اور اسی کی بنیاد پر میں نے یہ تحریک التواء پیش کی ہے -

**Mr. Chairman :** You are referring to ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** *Pakistan Times*, dated 16th August, 1976.

**Mr. Chairman :** Page 1, column 3 ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** Yes, Sir,—"Grave threat to Khairpur Town. Rail link snapped."

**Mr. Chairman :** I have it before me. Which particular point are you referring to ? It is not necessary to read the whole.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میں یہ تیسرے پیرے سے پڑھنا شروع کروں گا -

It reads :

> "The Indus waters continued to flow over the railway track between Rohri and Mando Dairo stations on Rohri-Khanpur section, forcing suspension of direct railway traffic between Karachi and the northern parts of Pakistan for the third day. The alternative railway track through Begmaji was also rendered unsafe and the movement of all traffic to and from Karachi thus came to a dead stop.
>
> According to railway authorities here, the direct link was snapped on account of breaches three days back in the Bani Shah bund on the left bank of the Indus in the vicinity of Sukkur Barrage," and so on and so forth.

اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ بریچیز پانی نے کئے ہیں انہوں نے نہیں کئے -

**Mr. Chairman :** The breaches have been caused by the flood water ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** Yes, Sir.

**Mr. Chairman :** But you particularly put the blame at the door of Mr. Hafeezullah Cheema.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! انہوں نے یہ کہا تھا کہ کئی جگہوں سے ریلوے ٹریک کو ہم نے خود توڑا ہے -

**Mr. Chairman :** No, he is not referring to this particular point. They might have done it on some other point.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین ! حالت تو یہ ہے کہ سارے پاکستان میں کوئی لائن ایسی نہیں جو کہ بریچ نہیں ہوئی -

**جناب چیئرمین :** اس میں ان غریبوں کا کیا قصور ہے ؟

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! ان کا قصور یہ ہے کہ انہوں نے مناسب انتظامات نہیں کئے - وہ نا اہل ہیں اور اپنا فرض ادا نہیں کر سکتے - یہ بات میں نے اس میں لکھی ہے -

**Mr. Chairman :** This is an inference.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! حالات ثابت کرتے ہیں کہ یہ انفرینس نہیں ہے -

**Mr. Hafeezullah Cheema :** Let him prove his competence.

**Mr. Chairman :** Mr. Cheema, I want to know, are you on a point of order or are you contradicting him ?

**Mr. Hafeezullah Cheema :** Sir, I am on a point of order. He is making contradictions, the things which I have never said, he is repeating them.

**Mr. Chairman :** Listen to him like a sportsman. He is only reading from the paper, and has said nothing objectionable so far. Whatever has appeared in the paper that has been raised here.

**Mr. Hafeezullah Cheema :** Sir, he cannot make the basis of his speech even the reports appearing in the paper.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میں یہ نئی بات سن رہا ہوں جو کہ ریلوے اتھارٹی کی اپنی جانب سے لکھی ہوئی ہے -

**Mr. Hafeezullah Cheema :** Sir, this is not the official version which he is referring to.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! یہ ریلوے اتھارٹی کی اپنی جانب سے لکھا ہوا ہے - (قطع کلامیاں) - جناب چیئرمین ! میں خود کراچی جانے کے لیے تیار ہوں -

*(Interruptions)*

**Mr. Chairman :** Will you kindly resume your seats. I am talking to Hafeezullah Cheema. If your point is this that he cannot base his adjournment motion on any article or report or news-item given in the paper, and he should only confine himself to the official version, then there can be no question of bringing an adjournment motion. Then, how will he bring an adjournment motion?

According to your argument he can base his adjournment motion only on the version given by the Government which is in other words official statement, official declaration, official annoucement, official report or whatever it is and he cannot do it on other material, unofficial or non-official, then there cannot be any adjournment motion at all.

*(At this stage Mr. Hafeezullah Cheema stood in his seat)*

**Mr. Chairman :** No, no, you may accept it or may not accept it. You may differ with me, but you can't prevent him from doing that. Now, bring it to an end. Let us come to an end. What is your main point Khawaja Sahib ?

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! محترم وزیر ریلوے نے کہا ہے کہ وہ روہڑی گئے اور حالت وہ نہیں ہے جو پچھلے سالوں میں ہوئی ہے - آپ کو معلوم ہے کہ ہمیں اسی سلسلے میں سات دنوں کے لئے ایوان کو ملتوی کرنا پڑا - جناب ! میں نے سیالکوٹ جانا تھا - جب میں وزیر آباد گیا تو معلوم ہوا کہ کوئی ریل نہیں جاتی اور نہ ہی سڑک سے سیالکوٹ جا سکتے ہیں - اس کے بعد میں گوجرانوالہ گیا وہاں سے معلوم کیا کہ سیالکوٹ ریل جاتی ہے - لیکن معلوم ہوا کہ سیالکوٹ جانے کے لئے کوئی ایسا راستہ نہیں ہے جہاں سے سیالکوٹ جایا جا سکے - چنانچہ اس رات مجھے اپنے ایک دوست کے ہاں گوجرانوالہ ٹھہرنا پڑا - اگلے دن ایک بس کے ذریعے روانہ ہوا - پانی کو پھلانگتا ہوا گیا - اگر جناب ! میرے پاس وہ ذرائع ہوتے تو میں روہڑی بھی ہوتا - لیکن میرے پاس اتنے ذرائع نہیں ہیں جن کے ذریعے میں جا سکوں - آپ کے پاس وہ ذرائع موجود ہیں آپ جا سکتے ہیں - اگر آپ میری پوزیشن میں ہوتے تو شاید آپ اپنے گاؤں سے باہر نہ نکل سکتے - میں اس لئے اصولی طور پر اسپیسفک بات کرتا ہوں - سیالکوٹ نارووال ریلوے لائن ضرور بریچ ہوتی ہے اور وہاں ایک پل کی ضرورت ہے - اور وہ بھی ایک خاص مقام پر لیکن ریلوے اتھارٹیز اس کو جان بوجھ کر نہیں بناتی کیونکہ اگر یہ پل بن گیا تو آئندہ یہ بریچ نہیں ہو گی اور وہ پیسہ نہیں کما سکیں گے -

**Mr. Chairman :** That is going too far. Don't attribute motives.

خواجہ محمد صفدر : جناب ! میں خاص بات کر رہا ہوں -

**Mr. Chairman :** All right. Thank you very much.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب ! یہ تمام واقعات بتا رہا ہوں کہ یہ نقصانات ہوئے ہیں اور یہ ریلوے کی نا اہلی کی وجہ سے ریلوے ٹریک کو نقصان ہوا ہے ۔ یہ ان کی کم کوشی کی وجہ سے ہوا ہے اور یہ جو وعدے کرتے رہے ہیں کہ ہم نے حفاظتی تدابیر اختیار کی ہوئیں ہیں وہ بے بنیاد تھیں ۔ آفت ضرور آئی ہے ۔ لیکن آفت کا سد باب کرنے کے لئے ریلوے اتھارٹی تیار ہوتی تو اتنا نقصان نہ ہوتا جتنا اب ہوا ہے ۔ اس نقصان کی ذمہ داری محترم وزیر صاحب کے سر ہے ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** اجازت ہے جناب ؟

**جناب چیئرمین :** آپ کو روکتا کون ہے ؟ میں ان سے پوچھتا ہوں ۔

Well, I read in this morning's newspaper that probably a similar question has been raised in the National Assembly.

**خواجہ محمد صفدر :** میں نے نہیں پڑھا ۔

**Mr. Chairman :** Am I correct ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** Yes, Sir.

**Mr. Chairman :** And Rana Mohammad Hanif promised to make a full statement on the flood situation.

**Khawaja Mohammad Safdar :** On the flood situation not on the railways.

**Mr. Chairman :** Probably, Prof. Ghafoor Ahmad raised an adjournment and Rana Mohammad Hanif got up and promised that he would make a full statement on the overall flood situation and the measures that the Government had taken and then Prof. Ghafoor Ahmad did not press his adjournment motion. If this is the case then Rana Mohammad Hanif is making a detailed statement on the flood situation in the National Assembly. He may like to make a similar statement here.

**خواجہ محمد صفدر :** اس پر بحث کر لیتے ہیں ۔

**Mr. Chairman :** Would you in that case press that ?

**خواجہ محمد صفدر :** اگر وہ وعدہ کریں تو میں پریس نہیں کروں گا ۔

**Mr. Chairman :** But he is not here.

**خواجہ محمد صفدر :** اس وقت جناب یہاں دو تین وزیر اور ایک منسٹر آف اسٹیٹ بیٹھے ہوئے ہیں ۔

**جناب حفیظ اللہ چیمہ :** خواجہ صاحب آپ کے بال سفید ہو گئے آپ کو کون سمجھائے ۔ وہ آج وہاں بیان دے رہے ہیں ۔ اگر ان کی تسلی نہ ہوئی تو پھر یہاں دے دیں گے ۔

**Mr. Chairman :** Mr. Masud Ahmad is on a point of order.

**جناب مسعود احمد خان :** فلڈ سچوئیشن زیر بحث ہو گی ۔

**جناب چیئرمین :** میں نے یہ نہیں کہا میں نے اخبار میں پڑھا ہے -

**جناب مسعود احمد خان :** یہ فلڈ سچوئیشن پر نہیں ہے یہ تو ریلوے انتظامیہ کی نا اہلی کے متعلق ہے - اس لئے اس کا فیصلہ آن میرٹ ہونا چاہئے -

**Mr. Chairman :** That is a question of result.

**جناب مسعود احمد خان :** جناب ! میں نے عرض کیا ہے کہ اس پر موشن ضرور آنا چاہئے -

**Mr. Chairman :** There is no such thing. The inadequacy of the measures taken by the Pakistan Railways to protect the railway lines from flood is under discussion.

**جناب مسعود احمد خان :** اس پر کافی بحث ہو چکی ہے اب اس پر فیصلہ ہونا چاہئے -

**جناب چیئرمین :** کب ہو چکی ہے ؟ In my absence ?

**جناب مسعود احمد خان :** انہوں نے کوئی پوائنٹ نہیں چھوڑا ہے - ایسی ایسی باتیں کی ہیں جو انسان کے بس میں نہیں ہیں اور انسان کی طاقت سے باہر ہیں - یہ آسمانی آفات ہیں جو انسان کے بس کی بات نہیں ہیں - حزب اختلاف میں ایسی طاقت ہو گی جو ان آفات کو روک سکے - انہوں نے پچھلے سال ۱۹۷۳ کے سیلاب کے زمانے میں تو پوری قوم کو کہا کہ سول نا فرمانی کرے -

**جناب چیئرمین :** آپ نے پوائنٹ آف آرڈر کہا تھا یہ تو تقریر ہو گئی -

**جناب مسعود احمد خان :** انہوں نے ایسی باتیں کہی ہیں ان سے دکھ ہوا ہے اور ان باتوں سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہم لوگوں کو دکھ پہنچانے میں خوشی ہوتی ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** چلئے ، آج ہی گھروں کو چلیں -

**جناب مسعود احمد خان :** لیو اپلیکیشن دیں اور چلے جائیں -

**Mr. Chairman :** Do you still want to press it ?

**خواجہ محمد صفدر :** کوئی ذمہ داری کی بات کریں - رانا محمد حنیف صاحب بیان دے رہے ہیں -

**Mr. Chairman :** All right, I am asking him.

(*Interruption*)

**Mr. Chairman :** Rana Mohammad Hanif is making a statement, that I am dead sure, over the flood situation. That will cover everything.

**خواجہ محمد صفدر :** اس وقت دو وزراء اور ایک اسٹیٹ وزیر صاحب موجود ہیں - جناب ! وہ ایوان علیحدہ ہے یہ ایوان علیحدہ ہے -

**جناب چیئرمین :** وہ بیان دے رہے ہیں ۔ اگر اس پر بھی تسلی نہ ہوئی تو پھر رانا صاحب سے پوچھ لیں گے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** اس کو پینڈنگ میں رکھ دیں ۔

**جناب حفیظ اللہ چیمہ :** اس میں کون سی بات رہ گئی ہے ؟

We have discussed it thoroughly.

ابھی تو یہ سیشن چل رہا ہے ۔ اس کے علاوہ دوسری تحریک التوائے کار بھی آ سکتی ہے ۔

He can bring another adjournment motion.

**جناب چیئرمین :** آپ ایسا کریں اگر آپ کو یہ بات منظور ہو رانا صاحب سے پوچھ لیں ۔

Whether he will be prepared to make a detailed statement on the flood situation here in the Senate also. Then, it would be all right.

پھر تو ٹھیک ہے اس میں کونسا حرج ہے ؟

But there would be no speeches. I have only to give my ruling.

**Mr. Hafeezullah Cheema :** Sir, if they want to raise a discussion on the flood situation, they can bring another adjournment motion.

**Mr. Chairman :** Listen to me. So far as the discussion on the admissibility of the adjournment is concerned, no speeches will be allowed any more. I have only to give my ruling. But in view of the position that I just told the House that Rana Mohammad Hanif Khan is going to make a statement in the National Assembly and if he is prepared to make a similar statement here then he will withdraw it, otherwise I will give my own ruling on it. That is the only thing.

**Mr. Hafeezullah Cheema :** Sir, we can ask him, but at the same time who stops them from bringing another adjournment on flood situation.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Rules.

**Mr. Chairman :** He cannot bring a similar adjournment on the flood situation.

**جناب حفیظ اللہ چیمہ :** ان دونوں صاحبان کو سیلون میں بٹھا دیں اور سٹیم انجن لگا دیں اور بھیج دیں ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** جناب ! جو ان کے چیلے ہیں ان کو ہی سیلون میں بٹھایا جاتا ہے ۔ کوئی بات نہیں ، مزے کر لو ۔ تھوڑے ہی ان کے دن رہ گئے ہیں ۔

**Mr. Chairman :** All right. I reserve my ruling.

**Mr. Hafeezullah Cheema :** As you wish, Sir. It is up to you.

**Mr. Chairman** : But why are you forcing me to announce my ruling? It is reserved. That is all. Rulings are reserved for days and weeks. What is the harm ? No hurry. No more speeches. This must be made clear. There will be no further discussion on this adjournment motion. I am just waiting for Rana Mohammad Hanif Khan's statement in the National Assembly, and after that I will give my ruling.

**Mr. Hafeezullah Cheema** : All right, Sir.

**Mr. Chairman** : This adjournment motion No. 4 is regarding Atomic Re-processing plant.

## ADJOURNMENT MOTION *RE* : ATOMIC REPROCESSING PLANT AND URANIUM

**Mr. Chairman** : This relates to the Foreign Ministry. Foreign Minister is not here. This again is deferred. Probably for next two or three days he will not be here. Adjournment No. 6 is also on the same subject.

Both these stand deferred.

## MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY *RE* : ADOPTION OF THE AUQAF (FEDERAL CONTROL) BILL, 1976

**Mr. Chairman** : There is a message from the Secretary, National Assembly. The message is :

> "In pursuance of ruling 109 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly I have the honour to inform the Senate Secretariat that National Assembly passed the Auqaf (Federal Control) Bill, 1976 on the 18th of August, 1976. A copy of the Bill is transmitted herewith."

Now, we take up motions under rule 187.

## MOTION *RE* : SITUATION ARISING OUT OF THE SCARCITY OF VEGETABLE GHEE IN THE PUNJAB

**Mr. Chairman** : I think, the debate on this motion was also inconclusive.

**Khawaja Mohammad Safdar** : I only moved this motion.

**Mr. Chairman** : You only moved but discussion has yet to start on this.

So, now we take up discussion on the situation arising out of the scarcity of vegetable ghee in the Punjab. Who is the Minister concerned ?

**Khawaja Mohammad Safdar** : Not here.

**Ch. Mumtaz Ahmad** (Minister of State for Agrarian Management) : I will answer.

**Mr. Chairman :** Will you answer, Mr. Mumtaz ?

**Ch. Mumtaz Ahmad :** Yes, Sir.

**خواجہ محمد صفدر :** میں لمبی تقریر نہیں کروں گا ۔ جناب چیئرمین ! میں نے یہ تحریک سولہ جنوری کو اس ایوان میں بحث کرنے کے لیے سینیٹ کے دفتر میں دی تھی ۔ مجھے افسوس ہے کہ سات ماہ بعد اس پر بحث کا موقع ملا ہے اور یہ تحریک میں نے اس ایوان میں اپریل کے وسط میں پیش بھی کر دی تھی لیکن وزراء صاحبان کی انتہائی مصروفیت ہی کہوں گا ، کہ جس کی وجہ سے اس تحریک پر بحث نہ ہو سکی ۔

جناب چیئرمین ! میری اس تحریک کا مقصد یہ ہے کہ پنجاب میں بناسپتی گھی کی قلت کی وجہ سے جو مشکلات اور دشواریاں پنجاب میں بسنے والے لوگوں کو در پیش آتی رہیں ان کی طرف میں مرکزی حکومت کی توجہ مبذول کرا سکوں ۔

جناب چیئرمین ! میں اپنی گذارشات کے آغاز میں ہی یہ بات واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ پاکستان کا چپہ چپہ ، ایک ایک انچ مجھے اسی طرح عزیز ہے جس طرح کہ اس کے کسی حصے کی کوئی چھوٹی سی جگہ ۔ اس لیے میری ان گذارشات کو غلط معنی پہنانے کی کوشش نہ کی جائے بلکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ پنجاب کا نمائندہ ہونے کی حیثیت سے مجھے اپنے حلقہ انتخاب کی ان مشکلات کو جن کا مداوا ، جن کا حل مرکزی حکومت کر سکتی ہے ، اس ایوان میں پیش کرنا ہے ۔

میرا حلقہ انتخاب پنجاب ہے اور اس لحاظ سے مجھ پر چند ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں اور میں ان ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کی کوشش کر رہا ہوں ۔ جناب چیئرمین ! ۱۹۷۵ء کے دوران خصوصیت سے اور عمومی طور پر آج بھی ہمارا یہ معاہدہ تھا کہ پاکستان کے اس حصے میں بناسپتی گھی کی قلت ہے ۔ لوگ اس بنیادی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے دوکان دوکان اور گلی ، گلی پھرتے رہتے تھے اور آج بھی ہر دوسرے تیسرے ماہ یہی صورت حال پیدا ہو جاتی ہے ۔ جب کوئی ایسی صورت حال ہو تو عام طور پر وہ بھی نجی محفلوں میں موضوع بحث بن جاتی ہے تو ان دنوں میں ، یہ غالباً اکتوبر کی بات ہے کہ کسی محفل میں اس تکلیف کا ذکر ہوا ۔ اس میں ، میں بھی موجود تھا تو کسی دوست نے کہا کہ پاکستان کے جنوبی حصے میں کسی کو جس قدر بھی گھی درکار ہو اس کو میسر آ جاتا ہے کوئی دقت نہیں ہوتی ۔ اس پر مجھے تعجب ہوا ۔ یہ اطلاع میرے لیے قابل قبول نہیں تھی اور میں نے محض اپنے تجسس کی خاطر اور ان کے اس دعوے کی تصدیق کی خاطر اس ایوان میں وزیر متعلقہ سے ایک سوال پوچھا اور میری حیرانگی اور تعجب کی کوئی انتہا نہ رہی جب انہوں نے میرے نشان زدہ سوال کے جواب میں کہا کہ پنجاب کو ۱۹۷۴-۷۵ء کے مالی سال میں ایک لاکھ سینتیس ہزار پینتالیس ٹن گھی مہیا کیا گیا ہے ۔ صوبہ سندھ کو اٹھتر ہزار چھ سو چھبیس ٹن ، صوبہ سرحد کو اٹھائیس ہزار تین سو پچاسی ٹن اور بلوچستان کو پانچ ہزار پانچ سو چھ ٹن گھی سال بھر میں مہیا کیا گیا ہے ۔

جناب چیئرمین ! آپ کو معلوم ہے اور اس معزز ایوان کے معزز ارکان کو بھی معلوم ہے کہ یہ صنعت یا کم از کم اس صنعت کی پیداوار مرکزی حکومت کے قبضے

[Khawaja Mohammad Safdar]

میں ہے ۔ تمام تر اس لیے نہیں کہا کہ لیور برادرز کا کارخانہ نیشنلائز نہیں ہوا ہے ۔ لیکن تمام تر پیداوار مرکزی حکومت ان سے حاصل کر لیتی ہے اور بین الصوبائی تقسیم کا کام بھی مرکزی حکومت نے اپنے ہاتھ میں رکھا ہوا ہے اور اسی بنا پر میرے سوال کے جواب میں محترم وزیر صاحب نے مجھے یہ اطلاع دی جو کہ ابھی میں نے آپ کے سامنے پڑھی ہے تو میں نے اس مقدار کو صوبوں کی آبادی پر تقسیم کرنا شروع کیا ۔ وہ آبادی جو کہ ۱۹۷۲ء کی مردم شماری کے مطابق ہے اور بڑی لمبی چوڑی ضرب و تقسیم کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا کہ ۱۹۷۴-۷۵ء کے سال کے دوران پنجاب میں سالانہ اوسط گھی کی آٹھ پونڈ تھی اور سندھ میں بارہ پونڈ نو اونس اور بلوچستان میں پانچ پونڈ دو اونس تھی ۔ چونکہ یہ تحریک ایک لمبا عرصہ التواء میں پڑی رہی اس عرصے کے دوران اسی سلسلے میں میں نے ایک اور سوال کر دیا ۔ مجھے ۱۹۷۵-۷۶ء کے حساب سے صوبوں میں گھی کی تقسیم بتائی گئی ۔ یہ اعداد و شمار گیارہ مہینوں سے متعلق ہیں ۔

جناب والا ! میرے سوال کا نمبر ۳ تھا اور غالباً جون میں اس کا جواب دیا گیا تھا تو مجھے یہ بتایا گیا کہ :

پنجاب کو سال ۱۹۷۵-۷۶ء میں ایک لاکھ ۱۹ ہزار ۹۴۳ ٹن ، سندھ کو سال ۱۹۷۵-۷۶ء میں ۷۵ ہزار ۶۲۸ ٹن ، سرحد کو سال ۱۹۷۵-۷۶ء میں ۲۸ ہزار ۸۸۹ ٹن اور بلوچستان کو سال ۱۹۷۵-۷۶ء میں چھ ہزار ۲۱ ٹن گیارہ ماہ میں دیا گیا اور ان گیارہ مہینوں کی جب ہم اوسط دیکھتے ہیں تو اوسط پنجاب میں ایک شخص کے حصے میں سات پونڈ تین اونس گھی آیا ۔ گیارہ ماہ میں سندھ میں ایک شخص کے حصے میں بارہ پونڈ ڈیڑھ اونس ، سرحد میں سات پونڈ بارہ اونس اور بلوچستان میں پانچ پونڈ دس اونس ان گیارہ ماہ میں آیا اور لطف کی بات یہ ہے کہ کہا یہ گیا ہے کہ ۱۹۷۴-۷۵ء کے مقابلے میں گھی کی پیدا وار میں اضافہ ہوا ہے اور سرکاری اعداد و شمار کے مطابق دو لاکھ ۶۰ ہزار ٹن گھی ۱۹۷۴-۷۵ء میں پیدا ہوا اور ۱۹۷۵-۷۶ء میں یہ پیدا وار بڑھ کر ۱۹۷۴-۷۵ء کے مقابلے میں دو لاکھ ۸۰ ہزار ٹن ہے یعنی ۲۰ ہزار ٹن زیادہ گھی پیدا ہوا لیکن انہیں مختلف صوبوں میں تقسیم کیسے کیا گیا ۔ پنجاب کو ۱۹۷۴-۷۵ء کے مقابلے میں ۱۹۷۵-۷۶ء میں سات ہزار ٹن گھی کم ملا صوبہ سندھ کو ۱۹۷۴-۷۵ء کے مقابلے میں ۱۹۷۵-۷۶ء میں کم و بیش چار ہزار ٹن گھی زائد ملا اور اسی طرح صوبہ سرحد اور صوبہ بلوچستان کو بھی تقریباً دو ہزار ٹن اور ایک ہزار ٹن بالترتیب زائد ملا ۔ اگر پیدا وار بڑھ جائے تو بھی پنجاب کا حصہ کم ہوتا رہتا ہے اور میں اس بات سے حیران ہوں کہ ایک صوبے میں آٹھ پونڈ اور دوسرے صوبے میں ڈیڑھ گنا زیادہ گھی ملے یہ کیوں ؟ اگر محترم وزیر صاحب یہ ارشاد فرمائیں کہ اس صوبے میں لاگت زیادہ ہے اور لوگ گھی زیادہ کھاتے ہیں تو ہمیں بتایا جائے کیونکہ میں دوسرے صوبوں کے متعلق تو کچھ نہیں کہہ سکتا لیکن پنجاب میں اپنے بھائیوں کی جانب سے یہ کہنے کا مجھے کسی حد تک حق حاصل ہے اور اگر یہ معلوم ہو جائے کہ ہمارے بھائی کسی دوسرے صوبے میں وہ اس بنیادی

ضرورت کو زیادہ پسند کرتے ہیں یا ان کی لاگت زیادہ ہے تو ہم اور بھی ایثار کرنے کے لیے تیار ہیں لیکن اگر ایسی صورت نہ ہو اور ایسی کوئی معقول وجہ بھی نہ ہو تو اس کے بعد میں محترم وزیر مملکت سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ بندر بانٹ کیسی اور یہ بندر بانٹ کیوں ؟ اگر چیز کم ہے تو مساوی تقسیم کیجئے اور سبھی کو بتائیے کہ چیز کم ہے لہذا تھوڑی سے گذر کی جائے اور اگر زیادہ ہے تو سبھی کو بتائیے اور اسی طور پر دیجئے کہ سب کی ضرورت پوری ہو سکے لیکن یہ بڑی حیران کن بات ہے کہ پنجاب میں ایک عام آدمی اور ایک عام شہری تو گھی کے لیے گلی گلی مارا مارا پھرے اور اسے گھی میسر نہ آئے اور صوبہ سندھ میں ڈھیروں اور ٹنوں کے حساب سے گھی دستیاب ہو سکے - یہ کم از کم میری عقل اور فکر سے بعید ہے اور میں اس کے متعلق چاہتا ہوں کہ محترم وزیر صاحب روشنی ڈالیں اور میں نے جو اعداد و شمار پیش کئے ہیں وہ سرکاری اعداد و شمار میرے ہی دو سوالوں کے جواب میں اس ایوان میں پیش کئے ہیں اس لیے مجھے یقین ہے کہ ان اعداد و شمار میں تو شک و شبہ کی گنجائش نہیں ہو سکتی ہے اور کم از کم میرے لیے نہیں ہے کیونکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ محترم وزراء صاحبان جو یہاں اطلاع دیتے ہیں میں presume کرتا ہوں کہ وہ درست ہوتی ہے -

جناب چیئرمین ! میں زیادہ گفتگو نہیں کرنا چاہتا لیکن ایک عرض کروں گا کہ آج سے آٹھ دس سال قبل اگر کوئی شخص بناسپتی گھی استعمال کرتا تھا تو چوری چھپے کرتا تھا وہ اس کو عار سمجھتا تھا بے عزتی اس کو سمجھا جاتا تھا کہ فلاں آدمی دیسی کی بجائے بناسپتی گھی استعمال کر رہا ہے لیکن آج مہنگائی اور دوسرے عوامل کی بدولت لوگ مجبور ہیں کہ وہ بناسپتی گھی استعمال کریں اور آج پنجاب میں یہ حالت ہے کہ اگر کسی کو ایک ٹین گھی کا دستیاب ہو جائے تو وہ دکھاتا پھرتا ہے کیونکہ یہ اس کے سیاسی اثر و رسوخ کی علامت بن گیا ہے کہ فلاں شخص کے پاس دس پونڈ کا ایک ٹین ہے اور وہ اتنا با اثر ہے اور یہاں لوگوں کو گھی نہیں مل رہا ہے لیکن وہ بازار سے لئے جا رہا ہے - پہلے لوگ اس کو چھپا کر یا کسی کپڑے میں لپیٹ کر لے جاتے تھے کیونکہ وہ اس کو عار سمجھتے تھے لیکن اب عار نہیں سمجھتے ہیں اب تو یہ اس کے سیاسی اثر و رسوخ کی علامت بن گیا ہے - تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ بنیادی ضرورت ملک کے ہر حصے میں ایک جیسی ہو اس لئے میں نہایت ادب سے ارباب اقتدار سے درخواست کروں گا کہ وہ سبھی علاقوں کی ضروریات کو مد نظر رکھیں - اس ضمن میں یہ سمجھتا ہوں کہ میں اپنے فرض میں کوتاہی کروں گا کہ اگر میں صوبہ سرحد اور صوبہ بلوچستان کا ذکر نہ کروں کیونکہ صوبہ بلوچستان میں پانچ پونڈ فی کس حصے میں آیا ہے یعنی صوبہ سندھ کا کم و بیش تیسرا حصہ اور پنجاب کا کم و بیش نصف حصہ - یہاں میرے ایک سابق رفیق کار جو اب رکن نہیں رہے انہوں نے پچھلے سال واویلا کیا تھا کہ وہاں سپلائی کی مقدار بڑھا دی جائے لیکن وہ صدا بصحرا ثابت ہوئی اسی طور پر میں صوبہ سرحد کے متعلق بھی عرض کروں گا کہ آخر کیا وجہ ہے کہ وہاں ۱۹۷۴-۷۵ء میں سات پونڈ اور آٹھ اونس کے حساب سے اور ۱۹۷۵-۷۶ء میں سات پونڈ بارہ اونس کے حساب سے گھی فی

[Khawaja Mohammad Safdar]

کس ملا ہے اور یہ جو بنیادی ضرورت کی چیز ہے اور سبھی لوگوں کو یہ دی جاتی ہے تو کیوں نہ اس کی سپلائی میں اضافہ کیا جائے ؟ اس لیے میں نہایت ادب سے درخواست کروں گا کہ ان باقی تین صوبوں کا بھی اسی طرح خیال کیا جائے جس طرح ایک صوبے کی ضروریات کا خیال رکھا جا رہا ہے ۔

**Mr. Chairman :** Thank you very much. Yes, please.

**حاجی نعمت اللہ خان :** جناب چیئرمین صاحب ! خواجہ صاحب کے اپنے موشن سے معلوم ہوتا ہے کہ گھی کی کمی صوبہ پنجاب میں ہے یعنی مطلب یہ ہے کہ گھی کی کمی تو نہیں ہے لیکن کم مقدار میں ملتا ہے ۔ میرا اعتراض یہ ہے کہ گھی ویسے تو میسر ہوتا ہے البتہ مہنگا زیادہ ہے اور یہ بات درست ہے کہ شہروں کی وجہ سے دیہاتوں میں گھی کم ملتا ہے اس میں شک نہیں کہ آج سیلابوں کی وجہ سے اور بھی کم مل رہا ہو گا لیکن یہ بات نہیں ہے کہ گھی نہیں ملتا ہے گھی ہر صوبے میں ملتا ہے اور world inflation کی وجہ سے مہنگا ملتا ہے اور یہ اسی وجہ سے ہے ۔ جہاں تک صوبوں میں گھی کی کمی اور تناسب کے فرق کا تعلق ہے اس کے متعلق وزیر صاحب بتائیں گے وہ بیٹھے ہوئے ہیں اور جو پنجاب کے سینیٹر پنجاب سے متعلقہ ہے وہ اس بارے میں اظہار کر سکتے ہیں لیکن میں صرف اس بات پر زور دیتا ہوں کہ گھی کی کمی نہیں ہے اور یہی وجہ ہے کہ خواجہ صاحب کے اپنے اسٹیٹمینٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ پنجاب میں کمی ہے باقی صوبوں میں اور خاص طور پر سندھ کے متعلق بتایا ہے کہ تناسب زیادہ ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ خود کہتے ہیں کہ گھی کی کمی نہیں ہے تناسب اور تقسیم میں فرق ہے ۔ تو اس عرض کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

**Mr. Chairman :** Thank you very much for this enlightened speech. Yes ?

**چوھدری ممتاز احمد** (وزیر مملکت برائے زرعی انتظام) **:** جناب چیئرمین صاحب ! معزز سینیٹر خواجہ محمد صفدر صاحب نے اس موشن کے سلسلے میں جو باتیں کہی ہیں ان باتوں کو سن کر میں تو یہ سمجھنے لگا ہوں کہ وہ شاید کسی صوبائی اسمبلی میں بول رہے ہیں ، پنجاب کی صوبائی اسمبلی ہے ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ میرا تعلق صوبہ پنجاب سے ہے لیکن یہ سینیٹ آف پاکستان کے ممبر ہیں ۔ اس قسم کا موشن انہیں صوبائی اسمبلی میں لانا چاہیے تھا ۔ بہر حال انہوں نے اپنی تقریر میں ساتھ ہی یہ کہا ہے کہ میرا مطلب کوئی صوبوں کی آپس میں بات کرنا یا جھگڑا بتانا نہیں ہے ایسی ویسی کوئی بات نہیں ہے ، صرف گھی کی تقسیم سے میرا مطلب ہے لیکن جس طرح انہوں نے صفائی سے بات کی ہے اس سے یہ نظر آتا ہے وہ آپس میں صوبوں کے درمیان کوئی گھی پر جھگڑا بتانا چاہتے ہیں جیسا کہ انہوں نے خود کہا ہے کہ گھی بنیادی ضرورت ہے اور یہ روز مرہ کے استعمال کی چیز ہے ۔ میں نہیں سمجھتا کہ اگر پبلک کو ایسی روز مرہ استعمال کی چیز نہ ملے اور اس کی ضروریات پوری نہ ہوں تو اس بنیادی ضرورت کے نہ ملنے کے سلسلے میں لوگ خاموش کیسے رہ سکتے ہیں ---

**خواجہ محمد صفدر :** ڈی ، پی ، آر ۔

**چوہدری ممتاز احمد :** ہمارے پاس عوام کی طرف سے کوئی شکایت نہیں آئی ہے ۔ کسی علاقے سے کوئی شکایت نہیں آئی ہے سوائے اس کے کہ کبھی ٹرانسپورٹ کے سلسلے میں سپلائی آگے پیچھے ہو گئی ہو ، جیسا کہ فلڈ آیا ہے یا کسی اور وجہ سے سپلائی کے پہنچنے میں دیر ہو گئی ہو ورنہ کہیں سے بھی ایسی کوئی اطلاع نہیں آئی ہے کہ گھی کی کمی ہے کیونکہ جو چیز روز مرہ کے استعمال میں ہوتی ہے اس پر یہ نہیں سوچنا چاہیے اور نہ ضرورت ہے کہ کسی صوبے کی آبادی زیادہ ہے اور کسی صوبے کی آبادی کم ہے جس کو جتنی ضرورت ہوتی ہے وہ اپنے استعمال کے لیے ، شادی بیاہ کے لیے لے لیتا ہے ۔ وہ کہیں سے بھی لے لیتا ہے وہ سارے پنجاب میں سے کہیں سے بھی لے سکتا ہے ۔ بلوچستان سے سوائے اس کے اور کوئی کسی قسم کی شکایت نہیں آئی کہ ہماری سپلائی ۱۰ فیصد بڑھا دو ۔

جناب والا ! جہاں تک گھی کی سپلائی کا سوال ہے جیسا کہ خواجہ صاحب نے اعداد و شمار کا حوالہ دے کر کہا ہے ۔ میرے پاس فگرز لکھے ہوئے ہیں ۔ ۱۹۷۵-۷۶ء میں پنجاب کو جو گھی سپلائی ہوا ہے انہوں نے اس میں ۲۰ ہزار ٹن کے فگرز صحیح نہیں بتائے ہیں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** ہیں جی ، ہیں جی ؟

**چوہدری ممتاز احمد :** میں عرض کرتا ہوں ۔

**Khawaja Mohammad Safdar :** I challenge it.

کون سے سال کے ؟

**چوہدری ممتاز احمد :** ۱۹۷۴-۷۵ء میں پنجاب کو جو گھی سپلائی کیا گیا وہ ۱۵۷,۰۰۰ ٹن تھا۔ ۱۹۷۳-۷۴ء کے فگرز میرے اپنے پاس لکھے ہیں ۔ پتہ نہیں کہ انہوں نے یہ فگرز کہاں سے لئے ہیں ۔ میں نہیں سمجھتا کہ ان کے پاس صحیح فگرز ہوں ۔ جناب والا ! پنجاب کے لئے ۱۹۷۵-۷۶ء میں اتنا ہی ، ۱۵۷,۰۰۰ ٹن گھی رکھا ۔ اس لیے یہ ان کا یہ حساب کتاب آبادی کا ، اور سپلائی کا اس کو میں صحیح نہیں سمجھتا اور یہ اپنے فگرز کی تصحیح کر لیں ۔ انہوں نے ۲۰ ہزار ٹن کی کم سپلائی لکھی ہے ۔ میں ان کو پھر سرکاری فگرز بتاؤں گا ان کو میں اپنی فائل دکھاؤں گا ۔

جناب والا ! اس کے علاوہ اور بھی کئی چیزیں ہیں ۔ صرف یہ گھی ہی استعمال نہیں ہوتا ہے کھانے وغیرہ میں ۔ پنجاب میں اور بھی بہت سے ذریعے ہیں ۔ دیسی گھی ہے ۔ مکھن ہے ، پنجاب میں جانوروں کی تعداد زیادہ ہے جو دودھ دیتے ہیں اور بہت سے لوگ دیہاتوں میں جیسا کہ خواجہ نے فرمایا کہ پہلے لوگ ڈالڈا گھی لے جانے میں شرماتے تھے ، میں کہتا ہوں کہ اب بھی دیہاتوں میں ایسا ہی ہے اکثر دیہاتوں میں اب بھی وہی دیسی گھی استعمال ہوتا ہے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ شہروں میں آ کر ڈالڈا گھی لے کر جائیں ۔ بلکہ میرا ایک مشاہدہ ہے کہ پورے پنجاب میں اور دیہاتوں میں اب بھی ڈالڈا گھی شادی بیاہ کے موقعوں پر استعمال ہوتا ہے ، دیہات کے لوگ شہروں سے آ کر لے جاتے ہیں لیکن عوام اپنے گھروں میں روز مرہ کے

[Ch. Mumtaz Ahmad]

استعمال کے لیے دیسی گھی ، دیسی مکھن ہی استعمال کرتے ہیں - اس کے علاوہ اور بھی چیزیں ہیں جو کھانے والے تیلوں میں آتی ہیں - ان میں سرسوں کا تیل ہے پھر یہ مکئی کا تیل ہے ریفائنری آئیل ہے ، مونگ پھلی کا تیل ہے - لوگ اکثر، جن جگہوں پر یہ چیزیں پیدا ہوتی ہیں ، وہاں ان کو کولہو سے پسوا کر اپنے گھریلو استعمال میں لاتے ہیں ، اپنے ذاتی کام میں لاتے ہیں - تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو انہوں نے صرف اس چیز کو base بنا کر بات کی ہے مناسب اور صحیح ہے - کیونکہ جب ہر گھر میں رات کو کسی نہ کسی شکل میں یہ گھی ، یہ تیل ، یہ مکھن یا دیسی مکھن استعمال ہوتا ہے اور جس دن ان کو نہیں ملے گا تو پھر وہ ایجیٹیٹ کریں گے تو اب تک اس قسم کی بات ملک کے کسی اخبار میں نہیں آئی ہے - یہ بات نہ ہم نے عوام کی طرف سے ، نہ کسی حلقہ انتخاب کی طرف سے ، اور نہ کسی علاقے کی طرف سے سنی ہے - یہ بات ٹھیک ہے کہ ہم نے جو انتظام کیا ہے وہ ہم نے کھلی ایجنسیوں کی صورت میں کیا ہے ہم نے ہر دوکان پر ، ہر گلی میں ، ہر شہر میں ، ہر محلے میں ، ہر گاؤں میں گھی کی دوکانیں کھولی ہوئی ہیں - سرکاری یوٹیلیٹی سٹورز بھی ہیں اور یہ کریانہ سٹورز پر بھی ملتا ہے پنجاب میں ، اسلام آباد میں ، پنڈی میں ، لاہور میں اور ہر شہر میں دستیاب ہے - جو آدمی بھی چاہیے اپنا راشن کارڈ دکھا کر لے سکتا ہے یا ویسے بھی لے سکتا ہے کبھی کسی کو اس کے حصول میں تکلیف نہیں ہوئی ہے -

جناب والا ! اس کے علاوہ ہم نے صوبوں کی بنیاد پر - - - ہر ضلع میں یہ انتظام بھی کیا ہے کہ اگر کسی کو شادی پر ضرورت ہو تو وہ متعلقہ ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر سے یا ، اے ، ڈی ، سی (جی) سے پرمٹ لے سکتا ہے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** جناب اجازت ہے ؟ پوائنٹ آف آرڈر ہے - ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں -

**جناب چیئرمین :** پوائنٹ آف آرڈر ہے ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** پوائنٹ آف انفارمیشن ہے -

**جناب چیئرمین :** پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے تو پھر وہ ابھی تقریر کر رہے ہیں -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** معاف کرنا ، پوائنٹ آف انفارمیشن ہے ، میں عرض کرنا چاہتا ہوں -

**جناب چیئرمین :** وہ تقریر ختم کر لیں تو پھر پوائنٹ آف انفارمیشن پر آپ بول سکتے ہیں - اگر آپ کا پوائنٹ آف آرڈر ہے تو پھر آپ انٹرپٹ کر سکتے ہیں -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** نہیں جناب ، پوائنٹ آف انفارمیشن ہے -

**جناب چیئرمین :** تو پھر وہ تقریر ختم کر لیں - پھر آپ انفارمیشن لے سکتے ہیں -

**چوھدری ممتاز احمد :** جناب والا ! خواجہ صاحب کی یہ جو پراپوزیشن ہے ۹ ، ۱۲ ، ۶ پونڈ والی ، میں اس کی پر زور تردید کرتا ہوں -

(۱) اس پر کہ ان کے پاس جو فگرز ہیں وہ غلط ہیں -

(۲) اس بیس پر کہ صرف یہی گھی استعمال نہیں ہوتا ہے لوگ اور بھی گھی استعمال کرتے ہیں ۔ وہ اپنی مرضی سے استعمال کرتے ہیں ہم کسی سے زبردستی نہیں کرتے ہیں کہ آپ یہ گھی استعمال کریں یا وہ استعمال کریں ۔ تو یہ پراپوزیشن بالکل غلط ہے سوائے اس کے کہ صرف میٹھے الفاظ میں صوبوں کی بابت آپس میں غلط پراپیگنڈہ کیا جائے ۔

جناب والا ! ان لوگوں نے پہلے سیاسی طریقے پر باتیں کرنی شروع کیں اب انہوں نے کسی اور طریقے سے باتیں کرنا شروع کر دی ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اب انہیں اس بات سے ہٹنا چاہیے کیونکہ ان باتوں کا اب وقت نہیں ہے ۔ اب خدا کے فضل سے ان باتوں کو کوئی نہیں سننا چاہتا اور خواجہ صاحب کی رائے ان کی رائے کے خلاف ہے اس قسم کی باتوں کو دہرانا نہیں چاہیے ۔

جناب والا ! میں عرض کر رہا تھا کہ گھی کی انڈسٹری جب سے حکومت کے کنٹرول میں آئی ہے اس وقت سے لے کر اب تک اس کی پیداوار ایک لاکھ ٹن بڑھ گئی ہے ۔ ہمارے پاس جو فگرز ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہر مہینے ہمارے پاس سرپلس بچا رہتا ہے ۔ وہ بھی فگرز ہمارے پاس لکھے ہوئے ہیں ۔ جولائی ۱۹۷۶ء میں ہمارے پاس ۲،۲۳۵ ٹن کا ذخیرہ موجود تھا ۔ وہ اس لیے موجود تھا کہ کھانے والے ، عوام نہیں تھے بلکہ جو کچھ ہم صوبوں کے لیے ایلوکیٹ کرتے ہیں وہ ایکچویل سپلائی سے کم اٹھاتے ہیں ۔ مثلاً پنجاب کے لیے ہم نے جو گھی ۱۹۷۵-۷۶ء میں رکھا تھا ، اس میں سے انہوں نے ، ایکچویل سپلائی سے ۴ ہزار ٹن کم اٹھایا ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ لوگ اٹھانے کو تیار نہیں تھے کیونکہ ان کو ضرورت اتنی تھی ۔ اسی طرح سندھ کے لیے ۹۳،۰۰۰ ٹن رکھا تھا انہوں نے اس میں سے ۹۰،۰۰۰ اٹھایا ، باقی نہیں اٹھایا اور انہوں نے کہا ہے کہ ہماری ضرورت ہی اتنی ہے ۔ صوبہ سرحد کے لیے ہم نے ۳۴،۷۰۰ ٹن رکھا تھا انہوں نے کہا ہے کہ ہمیں ۳۵،۰۰۰ ٹن چاہیے ہم نے ان کو زیادہ دے دیا ، ان کی ضرورت کے مطابق دے دیا اسی طرح بلوچستان کو ہم نے ۶،۷۰۰ ٹن دیا انہوں نے ہم سے ۷،۱۰۰ ٹن مانگا ہم نے ان کو ان کی ضرورت کے مطابق دے دیا ۔ آزاد کشمیر کے لیے ہم نے ۳،۲۰۰ ٹن رکھا انہوں نے کہا کہ ہمیں صرف ۳،۰۰۰ ٹن چاہیے انہوں نے اتنا اٹھایا کہ ہماری ضرورت ہی اتنی ہے ۔ اس سے زیادہ نہیں ہے ۔ اب جناب والا ! صوبوں کے لوگ کہتے ہیں کہ ہم مطمئن ہیں ۔ عوام کہتے ہیں کہ ہم مطمئن ہیں خدا نہ کرے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ خواجہ صاحب رات کے وقت بازار میں گھی کا ڈبہ لینے گئے ہوں اور انہیں ملا نہ ہوگا اور یہ ایسی ہی موشن لے آئے ہیں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** میں رات کو چوری کرنے گیا تھا ؟

**چوہدری ممتاز احمد :** میں یہ پورے وثوق سے کہتا ہوں کہ اس وقت تک ملک کے کسی حصے سے کوئی شکایت نہیں آئی ۔ ہر آدمی جتنا گھی چاہے اتنا ہی لے سکتا ہے ۔ اس کے علاوہ ہم نے امپورٹڈ بٹر آئل بھی دوکانوں پر رکھا ہوا ہے وہ بھی جس کسی کا جی چاہے لے سکتا ہے ۔ ہم مولانا صاحب کے ہجرے میں بھی گھی پہنچانے کو تیار ہیں تاکہ اگر ان کو لبریکیشن کی ضرورت ہو تو وہ پوری کر سکیں ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** سارا گھی تو آپ اپنی شادی میں کھا گئے ہیں ۔

**چوھدری ممتاز احمد :** میں ان الفاظ کے ساتھ خواجہ صاحب سے درخواست کروں گا کہ جس چیز کی ملک میں قلت نہیں ہے اس کو آپ خواہ مخواہ اعداد و شمار کے ہیر پھیر میں لا کر لوگوں کو نہ ورغلائیں ۔ ملک کی سالمیت پر خدا را رحم کریں ۔ آپ جیسے بزرگ اور معزز سینیٹر سے ایسی باتیں اچھی نہیں لگتیں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میں انفارمیشن لینا چاہتا ہوں ۔

**جناب چیئرمین :** مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی بھی پوائنٹ آف انفارمیشن پر تھے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** میں بھی انفارمیشن لینا چاہتا ہوں ۔ میرے اعداد و شمار کو انہوں نے کہا ہے کہ غلط ہیں ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ جو صحیح ہیں وہ مجھے بتا دیں تاکہ میں کل ان کے خلاف پریولیج موشن لا سکوں ۔

**جناب چیئرمین :** انہوں نے بتا دیئے ہیں ۔

**چوھدری ممتاز احمد :** انہوں نے فرمایا تھا کہ ۱۹۷۴-۷۵ء میں جو سپلائی تھی - - - -

**جناب چیئرمین :** انہوں نے کہہ دیا ہے کہ ۱۹۷۴-۷۵ء میں ایک لاکھ ۵۷ ہزار ہے ۔

**چوھدری ممتاز احمد :** اور خواجہ صاحب نے ۳۷ لکھا ہے ۔

**جناب چیئرمین :** اور ۱۹۷۵-۷۶ء میں ایک لاکھ ۵۲ ہزار ہے ۔

**چوھدری ممتاز احمد :** نہیں ، ۱۹۷۵-۷۶ء میں بھی ایک لاکھ ۵۷ ہزار ٹن ہے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** یہ ایلوکیشن ہے یا سپلائی ہے ؟

**چوھدری ممتاز احمد :** یہ ایلوکیشن ہے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** سپلائی بتائیے ۔

**چوھدری ممتاز احمد :** ۱۹۷۵-۷۶ء میں پنجاب - - - - نے ایک لاکھ ۴۵ ہزار ٹن اٹھایا ہے ۔ اور سندھ نے ۹۰،۰۰۰ اٹھایا ہے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** بتا دیں جو کچھ بھی ہے ۔

**چوھدری ممتاز احمد :** ہاں لکھ لیں ، لکھ لیں ، جو ایکچویل اٹھایا ہے کہ سپلائی ایکچویل جو پنجاب کو ہے وہ ۱۴۵،۰۰۰ اور سندھ کی ۹۰،۰۰۰ ہے ۔ این ڈبلیو ایف پی کی ۳۵،۰۰۰ ہے بلوچستان کی ۷،۱۰۰ ہے ۔ آزاد کشمیر کی ۳،۱۰۰ ہے ۔ اب آپ حساب لگاتے رہئے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** ۱۹۷۵-۷۶ء کی بھی بتا دیجئے - میں آپ کے خلاف پریولیج موشن لاؤں گا -

**چوہدری ممتاز احمد :** جو آپ کی مرضی ہے وہ آپ لائیں -

**جناب چیئرمین :** دھمکی دیں گے تو وہ آپ کو انفارمیشن نہیں بتا سکتے آپ نے پریولیج موشن کی دھمکی دی ہے ؟

**خواجہ محمد صفدر :** نہیں میں نے کہا ہے کہ میں پریولیج موشن لاؤں گا -

**جناب چیئرمین :** پھر تو وہ انفارمیشن نہیں دیں گے -

**خواجہ محمد صفدر :** نہ دیں ، میں ویسے ہی لے آؤں گا -

**چوہدری ممتاز احمد :** خواجہ صاحب ! میں تو یہ بھی حساب کرنے کو تیار ہوں کہ دیسی گھی پنجاب میں کتنا استعمال ہوتا ہے - ریپ سیڈ کتنا استعمال ہوتا ہے اور مونگ پھلی کا تیل کتنا استعمال ہوتا ہے -

**جناب چیئرمین :** خواجہ صاحب !

**خواجہ محمد صفدر :** انہوں نے یہ کہا ہے کہ میرے اعداد و شمار غلط ہیں - میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو صحیح ہیں وہ بتا دیں -

**چوہدری ممتازؒ احمد :** افسوس کی بات ہے کہ کھانے والوں کو تو گلہ نہیں اور نہ کھانے والوں کو گلہ ہے - اکیلے خواجہ صاحب کو گلہ ہے اور کسی کو گلہ نہیں ہے کھانے والوں کو کوئی گلہ نہیں ہے -

**جناب چیئرمین :** اصل میں خواجہ صاحب ! کے حصے کا گھی مولانا صاحب کھا گئے ہیں آن کو مولانا صاحب سے شکایت کرنی چاہئے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** وہ سارا گھی جو پنجاب کا ہے وہ ان کی شادی میں خرچ ہو گیا تھا - شکایت تو یہ ہے -

**جناب چیئرمین :** خواجہ صاحب ! وہ تو آپ کو فگرز بتا رہے تھے تو کیا یہ ضروری تھا کہ آپ آن کو دھمکی دیں کہ اگر آپ غلط فگرز دیں گے تو میں پریولیج موشن لاؤں گا ؟ that was understood - ان کو خواہ مخواہ رعب دیا وہ تو سیدھے آپ کو فگرز بتا رہے تھے - آپ نے کہا کہ بتاؤ یا اگر غلط بتاؤ گے تو میں پریولج موشن لاؤں گا کیا یہ ضروری تھا ؟

**خواجہ محمد صفدر :** نہیں جناب یہ ضروری نہیں تھا -

**جناب چیئرمین :** غیر ضروری تھا کہ نہیں ؟

**خواجہ محمد صفدر :** غیر ضروری تھا -

**جناب چیئرمین :** چلئے فگرز دے دیجئے -

**خواجہ محمد صفدر :** سال ۱۹۷۴-۷۵ء کی بتائیے -

چوھدری ممتاز احمد : میرے پاس جو فگرز تھے وہ تو میں نے دے دیئے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر : ۱۹۷۴-۷۵ء کے بتایئے ۔ آپ نے ۱۹۷۵-۷۶ء کے دیئے ہیں ۔

جناب چیئرمین : آپ دے دیجئے ۔ خیر ہے ۔

Well he has almost withdrawn his threat of privilege motion.

چوھدری ممتاز احمد : مہربانی جناب ! کوئی بات نہیں ۔ معاف کیا ۔ یہ ہمارے بزرگ ہیں ۔ اگر تھریٹ بھی دیں گے تو قبول ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : فگرز تو دیجئے جو صحیح ہیں ۔ وہ کہاں ہیں ۔

چوھدری ممتاز احمد : میں آپ کو بتا دوں گا سب کچھ لکھوا دوں گا ، بڑا لمبا چوڑا کام ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : ایوان میں بتایئے ۔

چوھدری ممتاز احمد : جناب ! ایوان میں ، میں نے عرض کیا ہے ۔ آپ نے ۱۹۷۴-۷۵ء کا کہا ہے یہاں میرے پاس ۱۹۷۴-۷۵ء میں ایک لاکھ ستاون ہزار چھ سو ساٹھ ٹن ۔ پنجاب کا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : یہ صحیح ہے ؟

چوھدری ممتاز احمد : جی ہاں ۔

خواجہ محمد صفدر : سپلائی بتائیے ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : اس میں ڈنڈی نہ ماریں ۔

چوھدری ممتاز احمد : نہیں جناب ۔ نہیں ، نہیں ۔

خواجہ محمد صفدر : ایلوکیشن نہیں ۱۹۷۴-۷۵ء کی سپلائی بتائیے ۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں یہ بہتر ہو گا ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : ان کا نروس بریک ڈاؤن ہو گیا ہے ۔

چوھدری ممتاز احمد : میں نے جو کچھ کہا ہے میرے پاس یہی لکھا ہے ۔

(مداخلت)

**Mr. Chairman** : Otherwise outside the House he is not reluctant to furnish all this information.

خواجہ محمد صفدر : وہ کہتے ہیں کہ میرے پاس صرف ایلوکیشن لکھی ہے سپلائی نہیں لکھی ۔

جناب چیئرمین : وہ دے دیں گے ۔ آپ اُن سے پرائیویٹ طور پر پوچھ سکتے ہیں ۔

All right. Now, we proceed to take up the other motion. This motion is not going to be put to the House. Well, discussion on this item has concluded. Now, we take up item No. 3. It is in the name of Khawaja Sahib.

## MOTION RE : SITUATION ARISING OUT OF THE SLUGGISH GROWTH IN INDUSTRIAL SECTOR DURING 1974-75

**Mr. Chairman :** Was this also moved ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** Yes, Sir.

**Mr. Chairman :** Now, the discussion will start on the motion that the situation arising out of the sluggish growth in the industrial sector during 1974-75 be taken into consideration. Yes, you can start.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین ! جیسا کہ آپ نے ابھی ارشاد فرمایا کہ میں نے اس تحریک کو پڑھ دیا تھا اور اس کا مختصر الفاظ میں مطلب یہ ہے کہ ۱۹۷۴-۷۵ء میں پاکستان میں صنعتی پیداوار یا صنعتی ترقی جو ہے وہ خاصی سست رہی ، اس پر بحث کرنا چاہتا ہوں ۔ جناب چیئرمین ! میں اپنی گذارشات کو دو حصوں میں تقسیم کروں گا ۔ پہلے حصے میں تو میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کروں گا کہ ۱۹۷۴-۷۵ء کے مالی سال کے دوران واقعتاً ہماری صنعتی ترقی کی رفتار نہایت سست رہی اور اس امر کو اپنی طرف سے ثابت کرنے کی کوشش کروں گا کہ آن وجوہات کا ذکر کروں جن کی بناء پر یہ صورت حال ہمارے ملک میں پیدا ہوئی ہے ۔ جناب چیئرمین ! اس سلسلے میں میں نے گورنمنٹ کی مطبوعات کا مطالعہ کیا ہے اور میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ ہماری صنعتی ترقی کی رفتار نہ ہونے کے برابر تھی سال زیر بحث میں اور میرے اس دعوے کی تصدیق ۔ بلکہ میں یہ کہوں گا کہ میرے اس بیان کی بنیاد خود حکومت کی طرف سے شائع کردہ چند مطبوعات ہیں ۔ پاکستان اکنامک سروے متعلقہ سال ۱۹۷۴-۷۵ء جو کہ سال زیر بحث ہے ۔ اس کے متعلق ، صنعت سے متعلق Chapter No. 5 کے ابتدائی فقرے یہ ہیں ۔

It reads :

> "The large-scale manufacturing sector recorded a slow-down during 1974-75."

اور وجہ بتائی ہے :

> "This was in part the natural outcome of rapid increase in the utilisation of already installed capacity during the preceding two years with a relatively low level of investment in further additions to capacity."

اور اس سے آگے یہ ارشاد ہوتا ہے :

> "After recording an increase of 11.9 per cent during 1972-73 and 7.5 per cent in 1973-74, the growth in large-scale manufacturing sector came down to an approximately 3 per cent during the year 1974-75."

**جناب چیئرمین :** یہ بات جو کہ ارشاد فرمائی گئی ہے کہ سال زیر بحث میں تین فیصد اضافہ ہوا ہے یہ بھی محل نظر ہے ۔

(اس مرحلے پر جناب ڈپٹی چیئرمین کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

خواجہ محمد صفدر : ۱۹۷۲-۷۳ء میں پاکستان میں قیامت خیز سیلاب آئے جس طرح کہ آج کل آئے ہوئے ہیں - ۱۹۷۳-۷۴ء میں ہمیں زلزلوں سے نقصان پہنچا - لیکن اس کے باوجود بھی صنعتی ترقی کی شرح سوا گیارہ فیصد اور ساڑھے سات فیصد رہی - لیکن ۱۹۷۴-۷۵ء میں پاکستان اکنامک سروے کے مصنفین نے بڑی صنعتوں میں اضافے کے تخمینے تین فیصد بتایا ہے - یہاں مستقل طور پر جناب والا ! میں عرض کروں گا کہ اضافے کی بجائے کمی ہوئی ہے اس کا ثبوت حاصل کرنے کے لیے کہیں دور جانے کی ضرورت نہیں - پاس ہی سے دستیاب ہو جائے گا - میرے پاس Statistical Year Book, 1975 ہے جو Statistics Division Ministry of Finance, Planning and Economic Affairs, Government of Pakistan. کی جاری کردہ ہے اس کے صفحہ نمبر ۵۷ پر انڈکس آف کوانٹم دیئے ہوئے ہیں - اس میں ۱۹۷۳-۷۴ء کے متعلق ۱۲۲۴ انڈکس دیا ہوا ہے - اور ۱۹۷۴-۷۵ء کے متعلق یہ انڈکس ہے کہ یہ ۱۲۰۴ء رہ گیا ہے - یہ مجموعی طور پر ہے اور اس کا عنوان ہے "manufacturing overall" یعنی overall کا مطلب یہ ہے کہ مجموعی طور پر صنعتی پیدا وار یا صنعتی ترقی کا یہ حال ہے - اور ۱۹۷۳-۷۴ء کے مقابلے میں ۱۹۷۴-۷۵ء میں یہ کم و بیش نہیں بلکہ پورے دو نکتے مزید گر گئی - جناب چیئرمین ! اپنی کتاب سے میں محترم وزیر صاحب کی خدمت میں حوالہ پیش کروں گا کہ نہ صرف ۱۹۷۴ء اور ۱۹۷۵ء میں اور اس سے پہلے سال یعنی ۱۹۷۳-۷۴ء کے مقابلے میں اکثر و بیشتر صنعتی پیدا وار میں کمی ہوئی بلکہ میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں اور دعویٰ اس بنیاد پر کہ حکومت نے اپنی جانب سے جو اعداد و شمار جاری کیے ہیں ان کی بنیاد پر اکثر و بیشتر مصنوعات گذشتہ دس سالوں میں اتنی کم ہوئی ہیں کہ کبھی پاکستان میں اتنی پیدا وار کم نہیں ہوئی جتنی زیر بحث سال یعنی ۱۹۷۴-۷۵ء میں ہوئی ہے - جناب چیئرمین ! اسی Pakistan Statistical Year Book, ۱۹۷۵ء کے صفحہ ۵۸ پر کاٹن ٹیکسٹائل کے متعلق اعداد و شمار درج ہیں - سوت کی پیداوار ۱۹۷۴-۷۵ء میں ۷۷ کروڑ ۴۲ لاکھ ۵۸ ہزار پونڈ تھی - لیکن اس سے دو سال پہلے ۸۲ کروڑ ۹۲ لاکھ ۶ ہزار اور ایک سال پہلے ۸۳ کروڑ ۶۵ لاکھ ۶۶ ہزار پونڈ تھی اور اسی طرح سوتی کپڑے کے متعلق ۱۹۶۶-۶۷ء سے لے کر ۱۹۷۴-۷۵ء تک سب سے کم سالانہ پیداوار ۱۹۷۴-۷۵ء میں تھی - ۱۹۶۶-۶۷ء ، ۱۹۶۷-۶۸ء ، ۱۹۶۸-۶۹ء ، ۱۹۶۹-۷۰ء ، ۱۹۷۰-۷۱ء ، ۱۹۷۱-۷۲ء ، ۱۹۷۲-۷۳ء اور ۱۹۷۳-۷۴ء یعنی ان تمام سالوں میں جو کہ کم و بیش ۹ سال یا دس سال ہیں اس سال کے مقابلے میں کپڑے کی پیداوار ہمارے ہاں زیادہ تھی - جناب چیئرمین ! در اصل یہ ہماری سب سے بڑی صنعتی پیداوار ہے - اس سے آگے اسی کتاب کے صفحہ ۶۰ پر جوٹ ٹیکسٹائل کے اعداد و شمار ہیں - میں مانتا ہوں کہ جوٹ ٹیکسٹائل کی پیداوار کی جہاں تک sacking اور hasing کا تعلق ہے وہ سابقہ سال ۱۹۷۳-۷۴ء کے مقابلہ میں ۱۹۷۴-۷۵ء میں معمولی اضافہ ہوا ہے - اس کے آگے بورڈ ۱۹۷۴-۷۵ء میں ۲۶ ہزار ۷ سو ۴۰ ٹن پیدا ہوا جب کہ یہ پیداوار ۱۹۶۸ء اور ۱۹۶۹ء سے لے کر ۱۹۷۳-۷۴ء تک سب سے قلیل ہوئی - اس سے قلیل کبھی نہیں ہوئی بلکہ بعض صورتوں میں یہ پیداوار دو تہائی رہ گئی - اس طرح اس سے آگے آرٹ سلک یارن کے متعلق صفحہ ۶۱ پر یہ دیا گیا ہے کہ وہ بھی ۱۹۶۵-۶۶ء سے لے کر اس سال زیر بحث میں سب سے کم پیداوار

اس سال میں ہوئی - اس سے آگے بجلی کے پنکھوں کے متعلق ہے - اگرچہ بجلی کے پنکھوں کے کارخانوں میں ۱۹۶۶-۶۷ء کے مقابلے میں جب کہ صرف ساٹھ کارخانے تھے اور پھر ۱۶۵ کارخانے تقریباً تین گنا کارخانے ہو گئے لیکن پیداوار جو ۳۲ ہزار ۴ سو اٹھانوے ۱۹۶۶-۶۷ء میں تھی وہ ۱۹۷۴-۷۵ء میں صرف ۱۴ ہزار ۸ سو ۶۷ رہ گئی -

جناب چیئرمین ! اس سے آگے بائیسائیکلز ہیں - ان کی پیداوار میں کمی ہوئی - اگر وزیر محترم ارشاد فرمائیں تو میں اعداد و شمار بتاتے دیتا ہوں ورنہ یہ کام لمبا ہو جائے گا - اس سے آگے سیونگ مشین کا کالم ہے - تو کپڑے سینے کی مشینوں کی پیداوار میں بھی گذشتہ کئی سالوں کے مقابلے میں کمی ہوئی - سائیکل ، ربڑ ٹائر ٹیوبز کی پیداوار میں بھی کمی ہوئی - اس سے آگے موٹر ٹائر اور ٹیوبز کے متعلق ہے - اس سال ان کی پیداوار میں بھی کمی ہوئی ہے - اس سے آگے sea salt اور ویجیٹیبل پروڈکشن ہے - البتہ بناسپتی گھی کی پیداوار میں جو کہ ۱۹۷۴-۷۵ء میں اس کتاب کے مطابق ۲ لاکھ ۶۷ ہزار ۱۵۰ ٹن تھی - یہ اضافہ تھا اور اس میں کمی نہیں ہوئی - اس سے آگے چینی ہے - اس میں ۱۹۷۳-۷۴ء کے مقابلے میں کمی ہوئی ہے - ۱۹۷۳ء میں ہمارے ملک میں چینی کی پیداور ۵ لاکھ ۹۸ ہزار ۴ سو تھی - ۱۹۷۴-۷۵ء میں ۴ لاکھ ۹۵ ہزار ۵ سو ۵۰ رہ گئی -

جناب چیئرمین ! اسی طرح سیفٹی ماچس کی پیدوار میں البتہ قدرے اضافہ ہوا - اس کے بعد سوڈا ایش سلفیورین ، سیلفیورک ایسڈ ، کلورین گیس ، کاسٹک سوڈا ان سب میں کمی ہوئی - البتہ فرٹیلائزر میں اضافہ ہوا -

جناب چیئرمین ! اس کے بعد سیمنٹ کی پیداوار میں میں مانتا ہوں کہ کم و بیش دو لاکھ ٹن کے لگ بھگ اس سال سابقہ سالوں کے مقابلہ میں اضافہ ہوا - لیکن پینٹس اینڈ وارنش پھر کم ہوئی - سب سے زیادہ اضافہ جن مصنوعات میں ہوا ہے وہ بیئر میں ہوا ہے - بیئر ۱۹۷۳-۷۴ء کے مقابلے میں ۱۹۷۴-۷۵ء میں کم و بیش اسی ہزار امپیریل گیلن زیادہ بنائی گئی - یعنی ۵ لاکھ ۸۶ ہزار ۸ سو ۶۸ سے بڑھ کر ۶ لاکھ ۳۹ ہزار ۸ سو ۳۵ ہو گئی اور country liquor یا دیسی شراب میں کم و بیش نہیں بلکہ دوگنا اضافہ ہوا - ۱۹۷۳-۷۴ء میں ۴۴ ہزار ۶ سو ۵۸ گیلن بنی اور اس سال زیر بحث میں ۸۸ ہزار ۵ سو ۹۱ گیلن بنی - اس میں دوگنا اضافہ یعنی سو فیصد اضافہ ہوا - میں وزیر موصوف کو اس کارنامے پر مبارک باد دیتا ہوں اور foreign type liquor یعنی بدیشی قسم کی شراب میں بھی اضافہ ہوا - اسی کتاب کے دس بارہ صفحات دیکھ لیجئے - اس کے بعد مائننگ کے بارے میں شروع ہو جاتا ہے -

جناب چیئرمین ! آپ ملاحظہ فرمائیں کہ اتنی مصنوعات کے متعلق انہوں نے اپنے اعداد و شمار دیئے ہوئے ہیں - تو اس سے یہ بات قطعی طور پر ثابت ہو جاتی ہے کہ پاکستان کی صنعتی پیداوار میں سال زیر بحث میں کمی ہوئی ہے - اب مسئلہ یہ آتا ہے کہ کمی کے اسباب کیا تھے ؟ جناب والا ! سب سے بڑا سبب میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کی معاشی پالیسی ہے - اس معاشی پالیسی کی وجہ سے نجی شعبے میں یعنی نجی صنعتی شعبے میں کسی قسم کی ترقی ہونی بند ہو گئی اور ہمارا یہ دعویٰ ہے

[Khawaja Mohammad Safdar]

لیکن نجی شعبے میں کمی کو کسی طور پر پبلک سیکٹر میں سے پوری نہیں کیا جا سکتا - پبلک سیکٹر کے ذرائع اور وسائل محدود ہیں - میں مانتا ہوں کہ حکومت نے بنکوں اور انشورنس کمپنیوں کو قومیا ہے لیکن اس کے باوجود صنعتی سیکٹر میں جو کمی سکوت انجماد سے پیدا ہوئی ہے ، اس کا ازالہ ہونا ناممکن ہے -

جناب چیئرمین ! صنعتی پالیسی کے نتیجے میں اس ملک کے بڑے بڑے صنعتکار یقیناً وہ گناہ گار تھے مجھے ان سے ہمدردی نہیں ہے - وہ اپنے فائدے اور صنعت کے لئے وہ اپنا تمام کا تمام روپیہ اور سرمایہ اپنے ساتھ لے گئے ہیں - جتنا روپیہ سرمایہ گزشتہ پانچ سالوں میں اس ملک سے گیا ہے اس سے پہلے ۲۵ سالوں میں نہیں گیا تھا - آج ہمارے صنعتکاروں نے کسی نے آئرلینڈ میں ٹیکسٹائل مل لگا رکھی ہے ، کسی نے امریکہ میں کاروبار شروع کیا ، کسی نے وسط افریقہ میں اپنا کاروبار شروع کیا ہے ، کسی نے خلیج فارس کی ریاستوں میں جا کر وسیع پیمانہ پر کاروبار شروع کیا ہے - میرا ایک دوست ہے اس نے ایک سعودی نیشنل کے ساتھ بڑے وسیع پیمانہ پر کارخانہ لگایا ہوا ہے - ہمارے لوگوں کا talent اور صلاحیت ، سرمایہ ، غیر ممالک کی ترقی پر صرف ہو رہا ہے - یہ تمام ہماری اقتصادی معاشی غلط پالیسی کا نتیجہ ہے - ورنہ وہ سرمایہ کار جن میں صلاحیت تھی کہ وہ کارخانے لگاتے اور اس سے پیداوار میں اضافہ ہوتا ، ملازمت کے مواقع پیدا ہوتے لیکن وہ مفقود ہیں -

جناب چیئرمین ! میری رائے میں ایک وجہ یہ تھی جس کی بناء پر اس پر زقند ہم نے لگائی ہے - اور ترقی کی بجائے تنزلی کی طرف جا رہے ہیں - چونکہ میری تحریک جس کا تعلق ۱۹۷۴-۷۵ سے ہے اس کے بعد کے واقعات غیر متعلقہ ہوں گے اس لئے میں ان کا ذکر نہیں کروں گا - اور میں امید کرتا ہوں کہ میرے باقی دوست اور احباب معزز رکن بھی نہیں کریں گے - وگرنہ جب میں اپنی مثالی تقریر کے لئے کھڑا ہونگا تو مجھے اس کا جواب دینا پڑے گا -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** مسٹر عطااللہ -

**میاں محمد عطا اللہ :** جناب چیئرمین ! محترم سینیٹر صاحب خواجہ محمد صفدر نے بہت بڑے بے بنیاد allegation کی بات کی ہے - انہوں نے گورنمنٹ کے اپنے شائع شدہ اعداد و شمار میں سے چند پڑھ کر سنائے ہیں -

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین ! میں نے انہی کے چھپے ہوئے اعداد و شمار پڑھے ہیں -

**میاں محمد عطاء اللہ :** خواجہ صاحب ! میں نے آپ کو disturb نہیں کیا ہے اب آپ میری باتیں تحمل سے سنیں - اگر آپ میں اتنا دل گردہ ہے تو آپ interrupt نہ کریں - محترم خواجہ صاحب کی بجائے اس کے کہ وہ ۱۹۷۴-۷۵ کے انڈسٹریل گروتھ کی بات کرتے وہ اس کی negative side کی طرف چلے گئے - یہ بات بے بنیاد ہے - اور نہ ہی حکومت کے اعداد و شمار میں یہ بات کہی گئی ہے کہ جو گورنمنٹ کے اعداد و شمار ہیں اس کی rate of growth slow ہو گئی ہے - یہ نہیں کہا کہ ہماری پروڈکشن پہلے سالوں کے مقابلہ میں negative side پر چلتی جا رہی ہے اور جتنی rate of growth

کی expectation تھیں اتنی نہیں ہوئیں اس کی وجوہات ہیں ۔ گورنمنٹ نے کبھی بھی غلط اعداد و شمار قوم کے سامنے پیش نہیں کئے ہیں ۔ ۱۹۷۴-۷۵ء میں حکومت کا جو ٹارگٹ تھا وہ دس فیصد تھا لیکن دس فیصد achieve نہیں کر سکے ۔ اس کی وجوہات تھیں ۔ میں ایوان کی توجہ اس طرف مبذول کراؤں گا ۔ overall rate of growth تین فیصد ہوئی ۱۰ فیصد کی بجائے ۔ یہ کہنا کہ ہماری حکومت نے کچھ نہیں کیا یہ بے بنیاد بات ہے ۔ دوسری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ rate of growth ہماری expectation کے مطابق نہیں ملی ہے کیونکہ لوگوں نے نئی انڈسٹری نہیں لگائی ۔ شاید خواجہ صاحب نے وہ اعداد و شمار نہیں پڑھے ہیں ۔ جن میں حکومت نے واضح طور پر بتایا ہے کہ کتنی نئی sanction ، کتنے فنڈ انویسٹ کئے ، کتنے لیٹرز آف کریڈٹ کھولے گئے ۔ انڈسٹری کے لئے کتنے فنڈ انویسٹ کئے گئے ہیں اور پچھلے سالوں کی نسبت انڈسٹریل پروڈکشن جو ہوئی ہے ۔ ان کی طرف ایوان کی اور خواجہ صاحب کی توجہ مبذول کراؤں گا ۔ سب سے پہلے انڈسٹریل پروڈکشن کے متعلق عرض کرنا چاہوں گا ۔ معزز سینیٹرز جانتے ہیں ۔ سال ۱۹۷۴-۷۵ء میں عالمی recession واقع ہوا ۔ میں اس recession کی وجوہات اور تفصیل میں نہیں جانا چاہتا ۔ کیونکہ اتنا وقت نہیں ہے ۔ اس کی سب سے بڑی وجہ کاٹن ٹیکسٹائل ہے اور اسکی وجہ یہ تھی اور ہم سب اچھی طرح جانتے ہیں کہ کاٹن ٹیکسٹائل کی انڈسٹری انٹرنیشنل مارکیٹ کے ہاتھ میں ہے ۔ اور دنیا میں جو اس صنعت کے میجر اکسپورٹرز ہیں جب یہ recession واقع ہوا تو یہ قدرتی امر ہے جو اس صنعت کے پروڈکشن کا سب سے بڑا اکسپورٹر تھا اس پر اس چیز کا اثر زیادہ ہوتا تھا اور جب انٹرنیشنل مارکیٹ میں main industry میں rate of growth کم ہوئی تو اس سلسلے میں یہ کہا جائے کہ اس میں بہت زیادہ فرق آیا اور خواجہ صاحب نے وہ اعداد و شمار خود دہرائے ہیں ۔ میں ان کو دوبارہ پیش نہیں کروں گا ۔ کاٹن یارن کی پروڈکٹس ۱۹۷۳-۷۴ء میں ۸۳۶ ملین پونڈ تھی ۔ ۱۹۷۴-۷۵ء میں ۷۷۴ ملین پونڈ تھی اس طرح کاٹن کلاتھ ۱۹۷۳-۷۴ء میں ۷۰۸ ملین یارڈ تھی ۔ ۱۹۷۴-۷۵ء میں ۶۶۵ ملین پونڈ مینوفیکچر ہوئی ۔ یہ انڈسٹری تھی جس کی پروڈکشن میں کمی واقع ہوئی تھی ۔ ہم ایکسپورٹر نہیں تھے جس کی وجہ سے ہمارے ملک کا کاٹن یارڈ کم ہو گیا ۔ اس کو بہتر بنانے کے لئے گورنمنٹ نے ایکسپورٹ ڈیوٹی کو ختم کر دیا ہے ۔ اب دوبارہ یہ انڈسٹری ترقی کی طرف جا رہی ہے ۔ یہ changes اور ایڈجسٹمنٹ انٹرنیشنل مارکیٹ کو مد نظر رکھتے ہوئے کرنے پڑتے ہیں جو کہ فوری طور پر ۱۹۷۴-۷۵ء میں کئے گئے ۔ اور انڈسٹری پر اچھا اثر پڑا ہے ۔ دوسری انڈسٹری کی پروڈکشن میں جو کمی ہوئی وہ وائیٹ شوگر ہے اس کی وجہ یہ تھی کہ سیلاب کی وجہ سے نقصان ہوا اور شوگر کراپ پاکستان میں near drought condition میں رہی لیکن اس کے باوجود شوگر کین کی ایوریج پہلے سے زیادہ تھی ۔ لیکن شوگر کین کی پروڈکشن پانی کی کمی وجہ سے جو سیلاب کے فوراً بعد واقع ہوئی ہے اس کی وجہ سے پروڈکشن گر گئی ۔ اور یہ tonnage میں گری ۔ تو شوگر کی پیداوار پر اثر پڑے گا ۔ اس کے لئے گورنمنٹ نے correct measure کئے ٹیوب ویلوں کے لئے بجلی زیادہ فراہم کی گئی اور ان کو بھی compensate کیا گیا ۔ اسی سال میں میں آپ کو بتا سکتا ہوں کہ پروڈکشن بہت اچھی ہوئی ہے ۔ اگلے سال شوگر میں کچھ excess اس سال کی consumption کے بعد لا سکیں گے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** اس سال کی بات ہے نہ کہ اگلے سال کی - ۱۹۷۴-۷۵ء کی بات کریں -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** ۱۹۷۴ء کی بات کہہ دی ہے -

**میاں محمد عطاءاللہ :** جناب ! تیسری انڈسٹری ، جس کی پیداوار میں کمی ہوئی ہے وہ کاسٹک سوڈا اور سوڈا ایش کی تھی اور اس کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ بیرونی ملکوں نے اس پروڈکٹ کی قیمت کو اتنا زیادہ کم کر دیا تھا کہ جب وہ درآمد ہوکر پاکستان میں آتی تھی تو ہماری مقرر کی ہوئی قیمتوں سے کم ہوتی تھی اس کے لئے گورنمنٹ نے اس پر درآمدی ڈیوٹی کا ریٹ بڑہا دیا تاکہ ملک کی اندرونی صنعت کو تحفظ دیا جا سکے اور اس کے بعد اس کی پروڈکشن بھی بڑھی ہے - میں نے جیسا کہ پہلے کہا ہے کہ پیداوار میں اتنا فرق نہیں پڑا ہے - مثال کے طور پر میں آپ کو بتاتا ہوں کہ وائیٹ شوگر کی پروڈکشن ۱۹۷۳-۷۴ء میں ۵ء۵۹۸ ملین ٹنز تھی ۱۹۷۴-۷۵ء میں ۵ء۹۹ ملین ٹنز ہوئی - اور اسی طرح سے کاسٹک سوڈا اور سوڈا ایش کی قیمتوں میں بھی معمولی فرق پڑا ہے - اور یہ فرق انہی وجوہات کی وجہ سے پڑا ہے - مثلاً سوڈا ایش کی پروڈکشن ۱۹۷۳-۷۴ء میں ۰.۸۰ ملین ٹن تھی اور ۱۹۷۴-۷۵ء میں ۰.۷۶ ملین ٹنز تھی - اسی طرح سے کاسٹک سوڈا کی پروڈکشن ۱۹۷۳-۷۴ء میں ۰.۳۷ ملین ٹنز تھی اور ۱۹۷۴-۷۵ء میں ۰.۳۶ ملین ٹنز تھی - بہت negligible difference ہے - یہ نہیں ہے کہ انڈسٹریل پروڈکشن increase نہیں ہوئی ہماری بہت سی انڈسٹری کی پیداوار میں اس سال کے دوران اضافہ ہوا اور میں ان کے اعداد و شمار اس ایوان کے سامنے پیش کرنا چاہوں گا مثلاً پیپر بورڈ کی پیداوار میں اس سال ۲ فیصد اضافہ ہوا ، وولن یارن کی پیداوار میں سترہ فیصد اضافہ ہوا ، الیکٹرک بلب کی پیداوار میں ۳۸ فیصدی اضافہ ہوا ، سائیکل ٹیوب کی پیداوار میں اس سال کے دوران پانچ فیصدی اضافہ ہوا' موٹر ، ٹیوب کی پیداوار میں بیس فیصد اضافہ ہوا' ویجیٹیبل گھی کی پیداوار میں اکیس فیصد اضافہ ہوا ، سیفٹی ماچس کی پیداوار میں ستائیس فیصد اضافہ ہوا ، فرٹلائیزر (نائیٹروجینس) کی پیداوار میں سات فیصد اور فرٹلائیزر (فاسفیٹک) کی پیداوار میں باون فیصد اضافہ ہوا ، سیمنٹ کی پیداوار میں چھ فیصد اور مائیلڈ اسٹیل کی پیداوار میں دو فیصد اضافہ ہوا - تو یہ نہیں ہے کہ صنعتی پیداوار گری ہے - کچھ international repercussions تھیں جن کی وجہ سے ایسا ہوا تھا - مگر جن کا ان حالات سے تعلق نہیں تھا ان کی پیداوار ملک کے اندر بڑھی ہے - تو یہ کہنا کہ اس سال میں sluggish growth rate تھا تو یہ کہنا غلط ہے اور بے بنیاد بات ہے اس دنیا کے اندر رہتے ہوئے اس دنیا کے جو اندرونی حالات اکنامک فیلڈ میں ہوتے ہیں ان کا اثر ہمارے ملک پر بھی پڑتا ہے اور حکومت ان چیزوں سے بخوبی واقف ہے اور ان بدلے ہوئے حالات سے مقابلہ کرنا بھی جانتی ہے - corrective measures بھی حکومت کے سامنے لائے گئے ہیں اور ان کا انتظام کیا گیا ہے - یہ تو جناب پروڈکشن کی بات تھی اب یہ کہا گیا ہے کہ اس سال میں پاکستان میں نئی انڈسٹری نہیں لگائی گئی لوگوں نے پیسے کی انویسٹمنٹ نہیں کی لوگ گھبرا گئے کہ معلوم نہیں کہ حکومت کی کیا پالیسیز ہیں اس لئے لوگ کوئی نئی انڈسٹری نہیں لگانا چاہتے - یہ بالکل غلط ہے ۱۹۷۳-۷۴ء اور ۱۹۷۴-۷۵ء میں لوگوں نے

زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری کی اور گورنمنٹ نے زیادہ سے زیادہ فنڈز پرائیویٹ سیکٹر میں دیئے زیادہ سے زیادہ لیٹر آف کریڈٹ کھولے گئے، زیادہ سے زیادہ انڈسٹریل سیکٹر میں ترقی ہوئی مثلاً میں آپ کو بتاتا ہوں کہ Textile Commissioner, IPC, IDBP, PICIC کے جو دفاتر ہیں جو ان چیزوں کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں جن کا کام ہے کہ ان لوگوں کو قرضہ جات مہیا کریں جنہوں نے قرضوں کے لئے درخواستیں دی ہیں ان کو اندرون ملک فنڈز مہیا کرے اور لوگوں کی حوصلہ افزائی کرے تاکہ وہ زیادہ سے زیادہ پرائیویٹ سیکٹر کے اندر سرمایہ کاری کرکے ملک کو ترقی کی جانب لے جائیں ۔ ان کے اعداد و شمار جناب والا ! یہ ہیں ۱۹۷۳-۷۴ء میں ۱،۳۵۳٫۹۷۷ ملین کی سرمایہ کاری ہوئی تھی اور ۱۹۷۴-۷۵ء میں یہ بہت بڑھ گئی اور یہ سرمایہ کاری ۳،۹۴۴٫۱۷۵ ملین روپوں کی ہوئی ۔ اب ان اعداد و شمار کو دیکھ کر آپ خود اندازہ لگا سکتے ہیں کہ آیا ۱۹۷۴-۷۵ء میں ترقی ہوئی ہے یا ۱۹۷۴-۷۵ء میں پرائیویٹ سیکٹر کے اندر تنزل واقع ہوا ہے ۔ خواجہ صاحب کو چاہئے تھا کہ یہ اعداد و شمار بھی انہی کتابوں سے دیکھ لیتے اور پھر یہ تحریک اس ایوان میں پیش کرتے ۔ ان چیزوں کو دیکھنے کے باوجود ایک مخصوص نظریے کے تحت یہ کہنا کہ جناب حکومت کی پالیسیوں کی وجہ سے پاکستان میں انڈسٹریل گروتھ نہیں ہو رہا ہے ۔ خواجہ صاحب کو تمام چیزوں کا خصوصی طور سے مطالعہ کرنا چاہئے تھا اور پھر ہاؤس میں جو حقیقت ہوتی آ کر بیان فرماتے ۔ اسی طرح سے جو disbursement کی گئی فنڈز کی، ۱۹۷۳-۷۴ء آئی ڈی بی پی، پبلک صنعتی سرمایہ کاری کے لئے وہ ۱۰۶٫۵۲۰ ملین روپیز تھی اور ۱۹۷۴-۷۵ء میں ۳۵۶٫۱۵۳ ملین روپیز پر چلی گئی جس میں ۲۳۰ فیصد کا اضافہ ہوا جس کا مطلب یہ ہے کہ ۱۹۷۳-۷۴ء میں لوگوں نے صنعتی میدان میں جو سرمایہ کاری کی تھی اس میں ۱۹۷۴-۷۵ء میں ۲۳۰ فیصد کا اضافہ ہوا تھا اسی طرح سے جو لیٹر آف کریڈٹ کھولے گئے ۱۹۷۳-۷۴ء میں ان کی value ۳۹۳٫۲۴۸ ملین روپیز تھی اور ۱۹۷۴-۷۵ء میں وہ ۴۴۰٫۶۷۳ ملین روپیز پر چلی گئی اور اس کے ساتھ ساتھ جو Investment Promotion and Supplies کے آفس ہیں انہوں نے جو فنڈز دیئے وہ سولہ ملین روپیز کے تھے مگر ۱۹۷۴-۷۵ء میں وہ ۱۵۰ ملین روپیہ پر چلی گئی ۔ تو یہ تمام اعداد و شمار اس چیز کی وضاحت کرتے ہیں کہ صنعتی میدان میں ترقی ہوئی ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ گورنمنٹ کی توقعات کے مطابق صنعتی پیداوار میں اضافہ نہیں ہوا مگر جناب چیئرمین ! ٹوٹل انڈسٹری میں جو جو decline ہوا ہے وہ ۳۴ فیصد ہے ۔ remaining جو ۶۶ فیصد انڈسٹری ہے اس کی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے ۔ زیادہ تر صنعت میں اضافہ ہوا ہے اور ۳۴ فیصد توقعات کے مطابق کمی واقعہ ہوئی ہے اور اس کی وجوہات میں پہلے ہی عرض کر چکا ہوں ۔ مگر جو زیادہ خوشی کی بات ہے اور اطمینان بخش بات ہے وہ یہ ہے کہ پرائیویٹ سیکٹر میں ۱۹۷۴-۷۵ء میں پچھلے سالوں سے زیادہ قرضوں کے لئے درخواستیں دے دی گئیں اور زیادہ سرمایہ کاری ہوئی ۔ ان کو زیادہ اور جلد از جلد فنڈز مہیا کئے گئے ۔

جناب والا ! ان تمام چیزوں کے بعد یہ کہنا کہ growth rate میں decrease واقع ہوئی ہے یہ بالکل بے بنیاد بات ہے ۔ حالات سازگار نہ ہونے کے باوجود ترقی ہوئی ہے اور اچھی خاصی مقدار میں ہوئی ہے ۔ میں اتنا ہی عرض کرنا چاہتا تھا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ ، آپ جواب میں بولیں گے ؟

خواجہ محمد صفدر : میں قواعد کے مطابق وزیر صاحب کے بعد جواب نہیں دے سکتا ۔

**Mr. Deputy Chairman :** Thank you very much. The motion is talked out. Now, it is No. 5. Do you want to move it, Khawaja Sahib ?

*(Interruption)*

جناب ڈپٹی چیئرمین : تو پھر سوموار کی شام کو رکھتے ہیں ۔

The Senate stands adjourned to meet on Monday at 5.30 p.m.

---

*(The Senate then adjourned till half-past five of the clock in the evening on Monday, August 23, 1976.)*

---